Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۹ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲ صفر سنہ ۱۳۶۰ھ مطابق یکم مارچ سنہ ۱۹۴۱ء جلد (۲۲)

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱	منظوری تجویز عالیمرتبت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر بابت تنخواہ آؤٹ فٹ الاونس کیڈٹس سکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری سلسلہ انتخاب ٹریننگ اسکول مہو	۲
۲	منظوری تجویز عالیمرتبت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر بابت ایزادی تنخواہ اسسٹنٹ افسران فرسٹ رامپور رضا انفنٹری	۲ تا ۴

آرڈران کونسل - رامپور اسٹیٹ

۱	منظوری تجویز عالی مرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس نسبت اشاعت اعلان متعلق اقوام جرائم پیشہ	۵

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم

واقع ۲۲ فروری ۱۹۳۱ء

رپورٹ منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیٰحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — می رساند

جناب عالی

سکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری کے حسب ذیل چار کیڈٹس کو آفیسر ٹریننگ اسکول مہو کے چوتھے کورس میں جو ۲ر مارچ ۱۹۳۱ء سے شروع ہوگا جگہیں دی گئیں ہیں۔

۱۔ کیڈٹ شیدا علیخاں

۲۔ کیڈٹ سید حامد علی شاہ

۳۔ کیڈٹ مرزا قیصر بیگ

۴۔ کیڈٹ سردار آغا شاہ عالم

ان کیڈٹس کو دوران کورس مبلغ [illegible] (تین سو روپیہ ماہوار) تنخواہ اور مبلغ [illegible] (پانچ سو پینتیس روپیہ) اوٹ فٹ الاؤنس مثل دیگر کیڈٹس کے دیا جائے گا۔ ترقی تنخواہ متعلق ہے کہ حکم منظوری بیشگاہ ہمایوں سے شرف نفاذ پائے۔

زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

ضیغم

ترقی تنخواہ دستخط عالیجناب جنرل ملٹری سکرٹری بجناب مورخہ ۲۲ فروری ۱۹۳۱ء

حکم

واقعہ ۲۵ فروری ۱۹۳۱ء

بموجب نقشہ منسلکہ یکم مارچ ۱۹۳۱ء سے ازدیادی تنخواہ اسٹیٹ افسران فرسٹ رامپور رضا انفنٹری کی منظوری دی جاتی ہے۔ اوران افسران کا کسٹ الاؤنس بحساب ساٹھ روپیہ ماہوار اور ڈاکٹر حفیظ الرحمن کا ایکٹنگ الاؤنس ایک سو روپیہ ماہوار بوجہ ازدیادی تنخواہ یکم مارچ ۱۹۳۱ء سے مسدود کیا جاتا ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیٰحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — می رساند

جناب عالی

فرسٹ رامپور رضا انفنٹری کے اسٹیٹ افسران کی ازدیادی تنخواہ بشرح انڈین آرمی اسکیل کا تفصیلی نقشہ حضور انور میں پیش ہے۔ اسکی رو سے [illegible] ماہوار کی بیشی ہوتی ہے۔ لیکن اگر ان افسران کا کسٹ الاؤنس بحساب [illegible] روپیہ ماہوار اور ڈاکٹر صاحب کا ایکٹنگ الاؤنس [illegible] ماہوار بوجہ ازدیادی تنخواہ تحت تجویز ہذا مسدود کر دیا جائے تو خالص بیشی [illegible] ماہوار رہ جائیگا

سالانہ کی ہوتی ہے مصارف سال حال کیلئے مزید رقم کی ضرورت ہوگی۔ جس کا انتظام ذریعہ منتقلی بشورہ صیغہ فائنانس کیا جائے گا

عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر کو اس تجویز سے اتفاق ہے

ترقیخواہ مستدعی ہے کہ یکم مارچ سنہ ۱۹۲۱ء سے حکم منظوری ایزادی تنخواہ مستدعی مسلہ الاؤنس افسران

دائکنگ الاؤنس کپتان ڈاکٹر حفیظ الرحمن صاحب شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت اقبال جاوید باد

عرضی ترقیخواہ دستخط عالیمرتبت صاحب لٹری سکرٹری بہادر
مورخہ ۲۵ فروری ۱۹۲۱ء

نقشہ ایزادی تنخواہ اسٹیٹ افسران فرسٹ رامپور رضا انفنٹری بشرح انڈین آرمی اسکیل

نمبر شمار	عہدہ	نام	تاریخ تقرر	مدت ملازمت	تنخواہ موجودہ	انڈین آرمی اسکیل کا	ایزادی ماہانہ	ایزادی سالانہ	کیفیت
۱	میجر	سید خوشنود احمد صاحب	۲۳ مارچ [illegible]	۱ سال	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
۲	کپتان	شکور علی خان صاحب	یکم جنوری [illegible]	[illegible] سال	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	دفعہ عدم کارکردگی شمار نہیں کیا گیا ایک سال کی سینیارٹی کم کی گئی ہے
۳	″	شریف الزمان خان صاحب	[illegible]	۳ سال	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
۴	″	سید ضمیر احمد صاحب	۲۵ اکتوبر [illegible]	۲ سال	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	دفعہ عدم کارکردگی شمار نہیں کیا گیا۔
۵	″	حمید الحسن خان صاحب	۲۶ اکتوبر [illegible]	[illegible] سال	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
۶	″	شریف الحسن خان صاحب	[illegible] نومبر [illegible]	[illegible] سال	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
۷	[illegible]	سید محمود احمد صاحب	۱۳ جنوری [illegible]	•	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
۸	لفٹنٹ	سید الحسین خان صاحب	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
۹	″	کیشب دت صاحب	یکم جنوری [illegible]	•	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	دفعہ عدم کارکردگی شمار نہیں کیا گیا۔
۱۰	″	شیخ محمد مرتضی صاحب	۲۷ اکتوبر [illegible]	۴ ماہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
۱۱	″	محمد بیگ صاحب	۲۷ اکتوبر [illegible]	۴ ماہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
۱۲	″	ہادی علیخان صاحب	[illegible] جون [illegible]	[illegible] ماہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
۱۳	سکنڈ لفٹنٹ	محمد حسن خورشید صاحب	۲۹ جون [illegible]	[illegible] ماہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
۱۴	کپتان	ڈاکٹر حفیظ الرحمن صاحب	[illegible] نومبر [illegible]	۳ ماہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	انڈین آرمی میڈیکل سروس کے حساب سے تنخواہ قائم کی گئی۔
						میزان	[illegible]	[illegible]	دستخط عالیمرتبت صاحب لٹری سکرٹری بہادر

ایزادی رقم ماہانہ بموجب نقشہ منسلکہ [illegible]

مسائی میس الاؤنس بحساب [illegible] ماہوار

چودہ اسم اسٹیٹ افسران۔ [illegible] ماہوار

مسائی ایکٹنگ الاؤنس کپتان ڈاکٹر حفیظ الرحمن صاحب [illegible] ماہوار } [illegible]

خاص حبشی بد مسائی [illegible] ماہوار

یا [illegible] سالانہ

دستخط عالی رتبت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر۔

۲۵ فروری ۱۹۲۱ء

آرڈر ان کونسل رامپور اسٹیٹ

آرڈر ان کونسل رامپور مورخہ ۱۴ فروری ۱۹۳۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۰ فروری ۱۹۳۱ء میں عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج صیغہ پولیس کی تجویز بدیں خلاصہ پیش ہوئی کہ چونکہ اس وقت تک اقوام کماگی ڈلیرا۔ کنجن نٹ۔ گوال یا برجباسی نٹ جرائم پیشہ قرار نہیں دی گئی ہیں۔ حالانکہ ان کا تعلق اور رشتہ داریاں اقوام جرائم پیشہ ڈلیرا، بھانتو نٹ وغیرہ سے ہیں اور یہ فرقہ بھی جرائم پیشگان مذکور کی طرح اسی قسم کے جرائم کا ارتکاب کرتے ہیں لہذا قرین مصلحت ہے کہ مثل دیگر اقوام جرائم پیشہ زیر دفعہ ۳۔ ایکٹ جرائم پیشہ اعلان ذیل مشتہر کیا جائے گا۔

اعلان

تتمہ اشتہار

بسلسلہ اعلان مطبوعہ گزٹ ۲۳ اگست ۱۹۳۰ء گورنمنٹ رامپور اعلان کرتی ہے کہ مندرجہ ذیل اقوام کے ان افراد کا شمار بھی جو زیر باب ۱۲۔ ۱۷ تعزیرات رامپور یا دفعات ۱۰۹۔ ۱۱۰ ضابطہ فوجداری ریاست رامپور سزا پا چکے ہیں یا آئندہ پائیں اقوام جرائم پیشہ میں کیا جائے۔

۱۔ کماگی ڈلیرا ۔ ۲۔ کنجن نٹ ۔ ۳۔ گوال یا برجباسی نٹ

طے پایا کہ

منجانب گورنمنٹ رامپور اعلان مندرجہ بالا کے درج گزٹ جانے کی منظوری دی جاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

حکم ہذا معہ کاغذات متعلقہ برائے کارروائی اندراج گزٹ بخدمت عالی مرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس مرسل ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکرٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

نقل برائے اندراج گزٹ اسٹیٹ پریس کو مرسل ہو

المرقوم ۲۶ فروری ۱۹۳۱ء

دستخط عالی مرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس